## عمران خان کیخلاف نااہلی کے ریفرنس کو ناقابل سماعت قرار دینا عدالتی نہیں سیاسی فیصلہ ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## الیکشن کمیشن اس قسم کے فیصلے دیکر آئندہ عام انتخابات میں اپنی ساکھ برقرار رکھنا چاہتی ہے

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)4، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینیز وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم آئندہ عام انتخابات میں پورے پاکستان سے حصہ لیگی الیکشن کمیشن کی طرف سے عمران خان کیخلاف نااہلی کے ریفرنس کو ناقابل سماعت قرار دینا عدالتی نہیں سیاسی فیصلہ ہے کیونکہ الیکشن کمیشن اس قسم کے فیصلے دیکر آئندہ عام انتخابات میں اپنی ساکھ برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ وہ الیکشن کمیشن کی طرف سے عمران خان کیخلاف ایم کیو ایم کے ریفرنس کو ناقابل سماعت قرار دیکر مسترد کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کررہے تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے وزراء شمیم صدیقی، اقبال محمد علی اور اراکین اسمبلی بھی موجود تھے جبکہ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر شیر افگن بھی ایم کیوایم کے اراکین کے ہمراہ الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ الیکشن کمیشن کا فیصلہ انصاف پر مبنی نہیں ہے۔ آئندہ کا لائحہ عمل تفصیلی فیصلہ آنے کے بعد طے کریں گے اور دیکھیں گے کہ اس فیصلے کی قانونی پوزیشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکن کمیشن کا فیصلہ سیاسی ہے اس کیس کو قانونی پوزیشن کے تناظر میں نہیں دیکھا گیا الیکشن کمیشن نے مصلحت سے کام لیا ہے۔ قانونی اور اخلاقی تقاضوں کو مدنظر نہیں رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ عام انتخابات قریب ہیں اور الیکشن کمیشن کی مجبوریاں ہم سمجھتے ہیں اپنی خودمختاری کو مضبوط کرنے کیلئے اس قسم کے فیصلے غیر متوقع نہیں ہیں جبکہ اپوزیشن جماعتوں کے الزامات بھی آرہے ہیں اور ایسی حالت میں کسی رکن قومی اسمبلی کی رکنیت منسوخ کرنا الیکشن کمیشن کیلئے آسان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی دفعہ 62 اور تقاضے کے تحت ہمارے پاس مزید شواہد اور ثبوت موجود ہیں ہم عمران خان کیخلاف قانونی جنگ کو انجام تک پہنچائیں گے ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک قومی جماعت ہے ہم اپنی کارکردگی کی بنیاد پر پورے ملک سے آئندہ انتخابات میں حصہ لیں گے اور 98 فیصد غریب ومتوسط لوگوں کو ٹکٹ دیں گے۔

## لیاری کو پینے کے صاف پانی کے فراہمی کا منصوبہ K-3 مکمل ہوگیا، سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال جمعہ 7 ستمبر کو افتتاح کرینگے

## وائس چیئرمین واٹر بورڈ معین خان کا لیاری ٹاؤن کا دورہ، K-3 منصوبے کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار

کراچی۔۔۔5، ستمبر 2007ء

کراچی سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی جانب سے لیاری کو پینے کے صاف پانی کے فراہمی کا منصوبہ K-3 مکمل ہوگیا ہے جس کا افتتاح سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال جمعہ 7 ستمبر کو کریں گے۔ اس سلسلے میں لیاری کے علاقے یوسی 9 سنگولین مرزا آدم خان روڈ نزد میراں ناکہ پل بکرا پیڑی کے قریب ایک عوامی اجتماع منعقد ہوگا۔ جس میں حق پرست نمائندوں کے علاوہ لیاری کے ناظمین بھی شرکت کریں گے۔ اس سلسلے میں واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کے وائس چیئرمین اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان نے بدھ کے روز لیاری ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور حق پرست قیادت کی جانب سے لیاری کے عوام کیلئے صاف پانی کے فراہمی کے منصوبے K-3 کا جائزہ لیا۔ انہوں نے منصوبے کی بروقت تکمیل پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت زبانی دعوؤں پر نہیں بلکہ عوام کی بلاتفریق رنگ ونسل عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے، K-3 منصوبے کی تکمیل سے لیاری کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج حق پرست قیادت کی جانب سے لیاری کی عوام سے کیا ہوا ایک اور وعدہ پورا ہورہا ہے جو لیاری کے عوام کیلئے حق پرست قیادت کی جانب سے ایک انمول تحفے کی مانند ہے اور جسے لیاری کے عوام ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ اس موقع

پر ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ، ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹر اور آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## دہلی کالونی میں زیرِتعمیر عمارت منہدم ہونے سے ایک مزدور جاں بحق، تین زخمی ہوگئے
## حق پرست ارکان اسمبلی اخلاق عابدی اوراختر بلگرامی جائے حادثہ پر پہنچ گئے
## ایم کیوایم کے کارکنان نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا

کراچی۔۔۔5، ستمبر 2007ء

دہلی کالونی میں عمارت منہدم ہونے کے باعث ایک مزدور جاں بحق جبکہ تین مزدور شدید زخمی ہوگئے۔واقعہ کی اطلاع ملتے ہی حق پرست رکن قومی اسمبلی اخلاق عابدی اور رکن سندھ اسمبلی اختر بلگرامی جائے وقوعہ پہنچ گئے۔اس موقع پر ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے اراکین اور کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان نے علاقے کے عوام کی مدد سے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا اور زخمیوں کو اسپتال پہنچایا۔علاقے کے مکینوں نے حق پرست نمائندوں کو بتایا کہ عمارت زیرِتعمیر تھی اور اس پر مزید منزلیں تعمیر کی جارہی تھیں جس کے باعث عمارت اوپری جانب سے گرگئی۔حق پرست ارکان اسمبلی نے زیرِتعمیر عمارت کے انہدام کا نوٹس لیتے ہوئے اسے سیل کرادیا۔دریں اثناء حق پرست ارکان اسمبلی نے عمارت گرنے کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے مزدور کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## مسلم کانفرنس کی حکومت آزادکشمیر میں ایم کیوایم کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ کررہی ہے، طاہر کھوکھر
## ایم کیوایم کے خلاف شدید انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ برقرار رہا تو حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک چلائیں گے
## اسمبلی سیکریٹریٹ آزادکشمیر میں پریس کانفرنس سے خطاب

مظفرآباد۔۔۔5، ستمبر 2007ء

آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزادکشمیر میں مسلم کانفرنس حکومت سمیت مفاد پرست سیاسی اور مذہبی انتہاء پسند جماعتیں مل کر ایم کیوایم کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ کررہی ہیں جبکہ وزیراعظم آزادکشمیر سمیت حکومتی وزراء ایم کیوایم کے کارکنان کو انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنارہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسمبلی سیکریٹریٹ میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر آزادکشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے رکن اسمبلی سلیم بٹ، ایم کیوایم آزادکشمیر کے جوائنٹ انچارج ملک تنویر، چوہدری یعقوب، سہیل اور دیگر بھی موجود تھے۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ گزشتہ روز اسمبلی اجلاس کے دوران وزیر بحالیات ثناء اللہ قادری اور حکومتی جماعت کے رکن سردار یعقوب کی طرف سے 25 اگست کو کراچی جناح ہاسٹل میں کشمیری نوجوان کی ہلاکت کا الزام ایم کیوایم پر عائد کیا گیا جس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومتی اراکین اسمبلی میں اجلاس کے دوران عوامی مسائل پر مشاورت کے بجائے ایم کیوایم پر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات لگارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت اسلامی جمعیت طلبہ اور دیگر مذہبی انتہاء پسند جماعتوں کو ایم کیوایم کے خلاف استعمال کررہی ہے، کراچی میں 25، اگست کے واقعہ میں ہلاک ہونے والے نوجوان فرحان کی موت پنجابی اسٹوڈینٹس ایسوسی ایشن اور اسلامی جمعیت طلبا کے درمیان ہونے والے تصادم کے نتیجہ میں ہوئی۔اس بارے میں کراچی کے اخبارات نے حقائق سے عوام کو آگاہ کیا جبکہ آزادکشمیر میں حکومت اور جماعت اسلامی نے عوام کو گمراہ کرنے کیلئے فرحان مرحوم کی موت کو ایم کیوایم کے

کھاتے میں ڈالنے کا پروپیگنڈہ کیا اور میڈیا میں تشہیر حاصل کرنے کیلئے بلا جواز مظاہرے کئے اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی۔ طاہر کھوکھر نے اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں کو کراچی کے مختلف اخبارات کے تراشے بھی صحافیوں میں تقسیم کئے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ آزاد کشمیر میں پچھلے 60 سالوں سے مخصوص جماعتوں کے چہروں نے ریاست کے وسائل اور متوسط اور مزدور پیشہ طبقہ کے حقوق کو سفاک ڈاکوؤں کیطرح دونوں ہاتھوں سے لوٹا اور اب اپنے جانشینوں کو ریاستی وعوامی حقوق و وسائل پر شب خون مارنے کے لئے عوام پر مسلط کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اپنے قائد الطاف حسین کے انقلابی مشن کو آزاد کشمیر میں جاری وساری رکھتے ہوئے نااہل اور بددیانت حکمرانوں کا نہ صرف محاسبہ کرے گی بلکہ برسر اقتدار آکر ان کا احتساب بھی کرے گی اور ان کی جائیدادوں کو نیلام کر کے آزاد کشمیر کے آٹھوں اضلاع میں صنعتیں قائم کرے گی جس سے نہ صرف عوام کو روزگار ملے گا بلکہ عام شہری کا معیار زندگی بلند ہوگا اور ریاست میں خوشحالی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے آزاد کشمیر کے عوام کو ایم کیو ایم کا پلیٹ فارم مہیا کیا، ایم کیو ایم ہی وہ واحد تحریک ہے جو صرف اور صرف 98 فیصد متوسط و مزدور پیشہ عوم کے حقوق کی محافظ اور امین ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرین زلزلہ کو ذلیل وخوار کیا جارہا ہے، مظفر آباد شہر ابھی تک کھنڈرات کا نمونہ ہے، وزیر اعظم اور ان کی ٹیم مسلسل بیرون ممالک کے دورے کر کے نہ جانے کون سے محاذ فتح کر رہی ہے، ایم کیو ایم کے اراکین اسمبلی نے صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف سے پرزور مطالبہ کیا کہ حکومت آزاد کشمیر کی طرف سے ایم کیو ایم کے خلاف شدید انتقامی کارروائیوں کا نوٹس لیا جائے، اگر یہ سلسلہ برقرار رہا تو ہم حکومت کے خلاف پرزور احتجاجی تحریک چلانے سے گریز نہیں کریں گے۔

☆☆☆☆☆